سوال

جب ہم نے شادی کی تو میرا خاوند نماز نہیں پڑھتا تھا شادی کو تین برس ہوچکے ہیں، اور شادی کے کچھ ہی عرصہ بعد میں نے اسے نماز پڑھنے پر راضی کرلیا تو وہ پڑھنے لگا، تو کیا یہ شادی باطل ہے ۔ ۔ ۔ اس لیے کہ وہ شادی کے وقت بے نماز تھا ۔ ۔ ۔ اب مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

جواب

الحمد للہ

شیخ عبدالعزیز بن باز رحمہ اللہ تعالی سے جب پوچھا گیا کہ جو پہلے نماز نہ پڑھے اور پھر اللہ تعالی اسے ھدایت سے نوازے تو اس سے عقد نکاح کا حکم کیا ہے ؟

تو ان کا جواب تھا :

جب بیوی بھی خاوند کی طرح نماز نہ پڑھتی ہو تو پھر ان کا نکاح صحیح ہے، اور اگر بیوی نمازی ہے تو پھر عقد نکاح کی تجدید کرنی واجب ہے، اس لیے کہ مسلمان عورت کا کافر مرد سے نکاح کرنا جائز نہیں اس لیے کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

اور تم مشرکوں سے اس وقت نکاح نہ کرو جب تک وہ مومن نہیں ہوجاتے ۔

اس آیت کا معنی یہ ہے کہ تم مسلمان عورتوں کا ان سے اس وقت تک نکاح نہ کرو جب تک کہ وہ اسلام قبول نہیں کرتے ۔

ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالی کا فرمان ہے :

اگر تمہیں یہ علم ہوجائے کہ وہ عورتیں مومن ہیں تو پھر انہیں کفار کی طرف واپس نہ کرو، وہ عورتیں ان کفار کے لیے اور اور نہ ہی وہ کفار ان عورتوں کے لیے حلال ہیں الممتحنۃ ۔

واللہ اعلم

اسلام سوال وجواب

12467